© rasailojaraid.com

ادارہ



# تعارف تبصرہ کتب

کتاب: اصلاحی مواعظ افادات : حضرت مولانا سید محمد یوسف شاہ صاحب حقانی

مرتب مولانا سید محمود الحسن شاہ صاحبؒ ضخامت: ۴۹۴ صفحات قیمت: درج نہیں

ناشر: مکتبہ سادات ہارون ضلع اٹک

زیر تبصرہ کتاب کی تقریظ میں استاذ محترم شیخ الحدیث حضرت مولانا ڈاکٹر سید شیر علی شاہ صاحب مدظلہ تحریر فرماتے ہیں ''محترم ومکرم حضرت مولانا سید محمد یوسف شاہ صاحب ایک علمی خاندان کے چشم و چراغ ہیں' مرکز علوم اسلامیہ دارالعلوم حقانیہ کے اجل ممتاز فضلاء کرام میں بفضلہ تعالیٰ سرفہرست ہیں اور علاقہ چھچھ (ضلع اٹک) کے علمی عبقری شخصیات میں جانی پہچانی علمی شخصیت ہیں۔

بندہ نے زیر نظر ان کے وقیع جاندار دلکش انیس خطبات ومواعظ حسنہ کے جستہ جستہ مقامات کا بنظر غائر مطالعہ کیا۔ ماشاء اللہ شاہ صاحب کے ان متنوع ایمان افروز روح پرور مقالات کے پڑھنے سے دل و دماغ منور اور معطر ہوئے۔ محترم شاہ صاحب نے بے شمار اکابر علماء کرام خطبائے عظام کی نورانی محفل میں شرکت کی سعادت حاصل کی اور حرم نبوی شریف میں قطب العالم حضرت حافظ الحدیث مولانا عبداللہ درخواستی قدس اللہ سرہ العزیز سے خصوصی اجازت حدیث کا شرف حاصل کیا ہے' اللہ تعالیٰ نے ان کو فہم سلیم اور طبع مستقیم سے نوازا ہے' قوی الحافظہ میں بزرگوں کے زرین اقوال وحکایات اور مقتضائے حال اور موقع ومحل کے مناسب برجستہ عجیب وغریب مثالوں سے اپنے موضوع کو خوب متشرح فرماتے ہیں۔ قرآن وحدیث کی روشنی میں یہ رنگارنگ خطبات ومواعظ کا گنجینہ شاہ صاحب کی تقاریر کا حسین گلدستہ ہے۔ جو انہوں نے مختلف علمی ودینی اور مذہبی اجتماعات میں فرمائی ہیں' اب افادۂ عام کی خاطر ان خطبات کو سلیس شستہ اور شگفتہ اردو زبان میں کتابی شکل میں یکجا کر دیا گیا ہے۔

استاذ محترم شیخ الحدیث حضرت مولانا حافظ انوار الحق صاحب مدظلہ نائب مہتمم دارالعلوم حقانیہ اکوڑہ خٹک ان اصلاحی مواعظ کے متعلق رقمطراز ہیں ''زیر نظر مسودہ جامعہ دارالعلوم حقانیہ کے قابل اور جید فارغ التحصیل اور میرے مشفق ومہربان دوست حضرت مولانا محمد یوسف شاہ صاحب کے بیانات واذکار کا مجموعہ ہے بعض چیدہ چیدہ مقامات کے مطالعہ سے اندازہ ہوا کہ یہ ذخیرہ بعض اہم نوعیت مثلاً قرآن پاک کی خصوصیت فضائل قرآن پیغمبر خدا کے امت پر

© rasailojaraid.com